# 06-01-2026 TUESDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

## سرخیاں

......نائب وزیر اعلی بھٹی وکرمارکا نے کہا کہ ریاستی حکومت ریاست کی جامع ترقی کے لئے کیور۔ پیور۔ اور RAAR ۔ پالیسی کو متعارف کروائی ہے۔

......ریاستی وزیر سریدھر بابو نے کہا کہ آنے والی نئی نسل کے لئے حکومت ہلٹ پالیسی کو متعارف کروا رہی ہے۔

......ریاستی وزیر پی سرینواس ریڈی نے کہا کہ حکومت بھو بھارتی پورٹل کے تحت اراضیات سے متعلق مختلف شعبہ جات کو ایک ہی چھت کے نیچے لانے کے اقدامات کر رہی ہے۔

......تلنگانہ گڈس سرویس ٹیکس ترمیمی بل کے بشمول دیگر بلوں کو آج کونسل میں منظوری دی گئی۔ اس کے بعد کونسل کے اجلاس کو غیر معینہ مدت کے لئے ملتوی کر دیا گیا۔

BHATTI

نائب وزیر اعلی بھٹی وکرمارکا نے کہا کہ ریاستی حکومت ریاست کی جامع ترقی کے لئے کیور۔ پیور۔ اور RAAR۔ پالیسی کو متعارف کروائی ہے۔ انہوں نے کہا کہ 2047 تک تین ٹریلین ڈالر اکنامی کی حیثیت سے ریاست کی ترقی ہی حکومت کا مقصد ہے۔ تلنگانہ رائزنگ 2047 کے مقاصد پر اسمبلی میں مختصر بحث ہوئی۔ اس موقع پر نائب وزیر اعلی نے کہا کہ ریاست میں ہر ایک کو ترقی کے سمت لیے جانا ہی حکومت کا مقصد ہے۔ حکومت خواتین گروپوں کو کارپوریٹ اداروں کے طور پر ترقی دینے کے لئے اقدامات کر رہی ہے۔

SINGARENI

تلنگانہ کے نائب وزیر اعلی بھٹی وکرمارکا نے اسمبلی میں وقفہ سوالات کے دوران کہا کہ حکومت ریاست میں پاور ڈسٹر یبویشن کے اداروں اور دوسرے اداروں کے ملازمین کو ایک کروڑ روپئے بیمہ اسکیم کو متعارف کروانے کے لئے غور کر رہی ہے۔ اسمبلی میں نائب وزیر اعلی نے ارکان اسمبلی کی جانب سے سنگارینی ملازمین کے فلاح و بہبود پر پوچھے گئے سوالات کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ حکومت سنگارینی کے حدود میں علاقائی ہاسپٹلوں میں اس سال مارچ تک مخلوعہ ڈاکٹرس اور دیگر جائیدادوں کو پُر کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت سنگارینی ملازمین کی فلاح و بہبود کے لئے اولین ترجیح دے رہی ہے۔

sond byte dy cm

نائب وزیر اعلی نے کہا کہ خالی اراضیات پر وظیفہ یاب ملازمین کے لئے مکانات کی تعمیر کے لئے اراضیات کو الاٹ کرنے کے معاملے پر بورڈ میں تبادلہ خیال کرتے ہوئے فیصلہ لیا جائے گا۔

HELT POLICY SRIDHAR BABU

ریاستی وزیر سریدھر بابو نے کہا کہ آنے والی نئی نسل کے لئے حکومت ہلٹ پالیسی کو متعارف کروا رہی ہے۔اسمبلی میں آج ہلٹ پالیسی پر مباحث ہوئے۔اس موقع پر انہوں نے کہا کہ حکومت اس پالیسی کے لئے عوام کے تجاویز کو بھی قبول کرے گی۔ہلٹ پالیسی کے ذریعہ صنعتی علاقے۔رہائیشی علاقوں میں تبدیل ہوں گے۔آوٹر رنگ روڈ کے اندورونی علاقوں میں آلودگی سے پاک اقدامات کئے جائیں گے۔

byte sridhar babu

SRIDHAR BABU

ریاستی وزیر ڈی سریدھر بابو نے کہا کہ ریاست کے معاشی نظام کو 2047 تک تین ٹریلین ڈالر تک لے جانے کے لئے حکومت ایک جامع منصوبے کے ذریعہ آگے بڑھ رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ اس کے لئے حکومت سرمایہ کاروں کو ریاست میں سرمایہ کاری کے لئے راغب کررہی ہے۔سریدھر بابو نے قانون ساز کونسل میں بات کرتے ہوئے یہ بات کہی۔انہوں نے کہا کہ سرمایہ کاروں کی آسانی کے لئے ایز آف ڈونگ پالیسی کو حکومت متعارف کروائی ہے۔تلنگانہ رائزنگ اجلاس میں پانچ لاکھ کروڑ کی سرمایہ کاری ریاست کو آئی ہے۔اس مہینے کی انیس تاریخ کو پھر ایک بار حکومت کے قائدین ورلڈ اکنامک سمٹ کیلئے جارہے ہیں۔

PONGULETI

ریاستی وزیر پی سرینواس ریڈی نے کہا کہ سابقہ حکومت ریاست میں میجک فیگر کے لئے منڈلوں۔ریونیو ڈیویژنس۔اوراضلاع کی حد بندی کی ہے۔اسمبلی میں وقفہ سوالات کے دوران ارکان کی جانب سے پوچھے گئے سوالات کا جواب دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بی ار ایس کے دور حکومت میں غیر سائنٹفک طریقے سے قائم کئے گئے منڈلوں۔ریونیو ڈیویژنوں اوراضلاع کی حد بندی کو درست کیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ سابقہ حکومت غلطیوں کی وجہ سے ایک ہی اسمبلی حلقہ کے چار منڈل۔چار اضلاع میں شامل ہوئے ہیں۔اس پر اسمبلی میں مباحث کے بعد سب کی متفقہ رائے کے ذریعہ اس کی نئی حد بندی کی جائے گی۔

AI

مرکزی وزیر الکٹرنکس جتین پرساد نے جئے پور کے جے ای سی سی میں منعقد ہوئے ایک علاقائی۔اے آئی امپکٹ۔کانفرنس میں شرکت کی۔اس موقع پر انہوں نے بات کرتے ہوئے کہا کہ مصنوعی ذہانت۔انسانی زندگی میں کئی ایک تبدیلیاں لائے گی۔انہوں نے کہا کہ بھارت ۔اے آئی مشن کے لئے مرکزی حکومت دس ہزار کروڑ روپیوں سے زیاد کا بجٹ اس کے لئے مختص کی ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ اے آئی کے استعمال کی حوصلہ افزائی کے لئے یہ مشن پوری توجہ دے رہا ہے۔

PRAGATI

بہتر حکمرانی اور مقررہ وقت میں پراجکٹوں کی تکمیل کے لئے وزیر اعظم نریندر مودی کی جانب سے شروع کئے گئے ویدیکا پرگتی پلیٹ فارم اپنے 50ویں اجلاس کو مکمل کرتے ہوئے ایک اہم سنگ میل کو پہونچ گیا۔ 2015 میں وزیر اعظم مودی کی جانب سے شروع کیا گیا ویدیکا پرگتی پلیٹ فارم میں حکمرانی میں انقلابی تبدیلیاں لائی ہیں۔ وزیر اعظم کی جانب سے خود اس کا جائزہ لینے کی وجہ سے اہم بنیادی سہولتوں کی فراہمی۔ پراجکٹوں اور عوامی شکایات کے حل کے لئے یہ اہم ثابت ہورہا ہے۔ مرکزی اور ریاستوں اور مرکزی وزارت کے محکموں کو ایک ہی ڈیجیٹل پلیٹ فارم پر لانے کی وجہ سے پرگتی ایک اہم رول ادا کررہا ہے۔ گذشتہ ایک دہے کے دوران پراجکٹوں میں ہونے والی تاخیر کی وجوہات کے حل اور موثر جوابدہی کیلئے یہ بہت ہی فائدہ مند ثابت ہورہا ہے۔

BILLS-

تلنگانہ اشیاء کے خدمات کے ٹیکس ترمیمی بل کے بشمول دیگر چار بلوں کو آج قانون ساز کونسل میں آج منظوری دی گئی۔ اس میں تلنگانہ یونیورسٹی ترمیمی بل۔ میونسپل ترمیمی بل۔ کو بھی کونسل میں متفقہ طور پر منظوری دی گئی۔ آج کونسل میں ان بلوں کے ساتھ دیگر امور پر مباحث بھی ہوئے۔ اور اس کے بعد قانون ساز کونسل کو غیر معینہ مدت کے لئے ملتوی کردیا گیا۔

SRINIVAS REDDY

ریاستی وزیر پی سرینواس ریڈی نے کہا کہ حکومت ریونیو اسٹامپس۔ رجسٹریشن سروے۔ لینڈ ریکارڈس۔ کے محکمہ جات کو بھو بھارتی پورٹل کے تحت ایک ہی چھت کے نیچے لانے کے اقدامات کررہی ہے۔ مارچ کے اختتام تک یہ عوام کو دستیاب کروایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ عوام کی سہولت اور خدمات کو بہتر بنانے کے لئے اس پورٹل کو ترتیب دیا گیا ہے۔ زراعت۔ اور غیر زرعی زمین۔ انڈومنٹ۔ جنگلات۔ وقف اراضیات۔ اور دیگر تمام تفصیلات اس پورٹل میں شامل رہیں گی۔ ریاستی وزیر نے آج ناملی میں منعقد کئے گئے ایک پروگرام میں شرکت کرتے ہوئے یہ بات کہی۔ انہوں نے کہا کہ تلنگانہ حکومت کسانوں سے تعلق رکھنے والے سروے نظام کو مضبوط بنانے کے اقدامات کررہی ہے۔

ELECTRIC WHEECLES

ریاستی وزیر پونم پربھاکر نے وقفہ سوالات کے دوران بات کرتے ہوئے کہا کہ ریاست میں آلودگی پر قابو پانے کے لئے اور الکٹرک گاڑیوں کے استعمال کی حوصلہ افزائی کے لئے حکومت مختلف اقدامات کررہی ہے۔ انہوں نے ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ حکومت کی جانب سے استعمال میں لائے جانے والی گاڑیوں میں 20 تا 30 فیصد الکٹرک گاڑیاں ہونے کیلئے حکومت اقدامات کررہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ریاست میں نوہزار سے زائد بسیں ہیں۔ پی ایم ای ڈرائیو۔ اسکیم کے تحت فی الوقت پانچ سو الکٹرک بسیں چل رہی ہیں۔ مزید دوہزار 800 بسیں حکومت مراحلہ واری طور پر متعارف کروائے گی۔ اہم شہروں میں ان بسوں کو چلانے کا حکومت نے منصوبہ بنایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریاست میں سرکاری دفاتر۔ تعلیمی اداروں۔ اور دیگر مقامات پر چار جنگ اسٹیشنس بھی قائم کرنے اقدامات کئے جارہے ہیں۔

Sound byte

FIRE STATIONS

ریاستی وزیر پونم پربھا کرنے کہا کہ عوام کی ضروریات کے مطابق ریاست میں نئے فائر اسٹیشنوں کے قیام کی منظوری دی جائے گی۔ انہوں نے اسمبلی میں وقفہ وقفہ سوالات کے دوران پوچھے گئے ایک سوال کا وزیراعلی کی جانب سے جواب دیتے ہوئے کہا کہ حال ہی میں 58 فائر اسٹیشن قائم ہوئے ہیں۔عوام کی سہولت اوران کی ضروریات کومدنظر رکھتے ہوئے مزید فائر اسٹیشنوں کوقائم کیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ گیٹیڈ کمیونٹیی۔ ہاسپٹلس۔صنعتی اور تعلیمی اداروں۔میں فائر سیفٹی پر 13 ہزار سے زائد شعور بیداری پروگرام منعقد کئے گئے ہیں۔

BANDI SANJAY

مرکزی مملکتی وزیرداخلہ بنڈی سنجے کمار نے کریم نگر کے ہاوزنگ بورڈ کالونی میں واقع سرسوتی شیشومندر میں دوروزہ کھیل کود کے مقابلوں کے پروگرام میں شرکت کی۔اس موقع پرانہوں نے بات کرتے ہوئے کہا کہ اخلاقی اقدار کو پروان چڑھاتے ہوئے ملک کے مستقبل کیلئے نئی نسل کو تیار کرنے میں سرسوتی شیشومندر کے تعلیمی اداروں کا اہم رول ہے۔

RAMCHANDR RAO

تلنگانہ بی جے پی کے صدر رامچند رراو کی صدرات میں جی ایچ ایم سی کے حدود سے تعلق رکھنے والے قائدین کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اس اجلاس میں جی ایچ ایم سی وارڈوں کی توسیع حکومت کی جانب سے لئے جانے والے فیصلے اورعوام کو پیش آنے والی مشکلات اور دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔اوراس موقع پر ریاستی بی جے پی صدر رامچند رراو نے آنے والے انتخابات کے ضمن میں پارٹی کی جانب سے اختیار کی جانے والی حکمت عملی اور دیگرامور پر پارٹی قائدین کوضروری ہدایت دی۔